Urdu, Roman & English

اردو، رومن اور انگلش میں

شرک

کے احکام اور مسائل

Shirk

ke ahkaam aur masayel

The ruling on Polytheism and its related matters

Ashabulhadith Publications

جمع وترتیب
عمران بن عبدالحمید (وفقہ اللہ)

نظرثانی
ڈاکٹر مرتضیٰ بن بخش (حفظہ اللہ)

شرک
کے احکام اور مسائل

Shirk
ke ahkaam aur masayel

The ruling on
Shirk (Polytheism)
and its related matters

نظرثانی
ڈاکٹر مرتضیٰ بن بخش (حفظہ اللہ)

جمع وترتیب
عمران بن عبد الحمید (وفقہ اللہ)

کتاب کا نام Name of the book	:	شرک کے احکام اور مسائل The ruling on Shirk and its related matters
نظرِثانی Proofread	:	ڈاکٹر مرتضیٰ بن بخش (حفظہ اللہ) Dr. Murtaza bin Bakhsh (Hafidhahullah)
قیمت Price	:	بالکل مفت Free
صفحات Pages	:	47
پہلی اشاعت First edition	:	ربیع الاوّل ۱۴۴۴ھ | October 2022
ناشر Publisher	:	**Ashabulhadith Publications**

Ashabulhadith Publications

© حقوق برائے ناشر محفوظ

اصحاب الحدیث اس کتاب کو اسی شکل میں بغیر کسی تبدیلی کے، اس کی تقسیم، طباعت، فوٹو کاپی اور/ یا الیکٹرونک ذرائع کے ذریعہ اس کی تقسیم اور اس کے مواد کو پھیلانے کی اجازت دیتا ہے اس شرط کے ساتھ کہ اس سے مالی طور پر منفعت حاصل نہ کی جائے، سوائے اس حالت میں جب کہ ناشر سے اس کی خاص اجازت حاصل کی گئی ہو۔ اس کتاب سے ذکر کئے گئے حوالے کو ناشر (اصحاب الحدیث) کی طرف ضرور منسوب کریں۔

All rights reserved

Ashabulhadith grants full right for free distribution by means of photocopy, pdf or any other means on a condition that no changes have been made, maintained in its original form and no price has been charged except in a case where official permission has been taken from the publisher.

اردو

صفحہ:8

Roman Urdu

Page : 21

English

Page : 34

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وحده وصلى الله وسلم على نبينا محمد وعلى اله وصحبه

أما بعد...

فإن الأخ في الله د:مرتضى بخش حسين باكستاني الجنسية معروف لدينا بحسن السيرة والسلوك والاستقامة على السنة مع الحرص على طلب العلم والجد في تحصيله واراه إن شاء الله قادرا على بذله في الدعوة إلى الله وله في ذلك جهود مشكورة ومتميزة وقد عرفت عنه ذلك كله منذ سنين تتلمذ علينا خلالها وبناء على طلبه فقد حررت له هذه الشهادة لتقديمها إلى من يهمه الأمر وفق الله الجميع لما فيه مرضاته...

و السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

وكتبه / عبيد بن عبد الله بن سليمان الجابري

المدرس بالجامعة الإسلامية سابقا

وحرر في ظهر الخميس التاسع والعشرين من ربيع الأول

عام ثلاثين وأربعمائة وألف للهجرة

السادس والعشرين من مارس عام تسعة وألفين ميلادي

تزکیہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله وحده وصلى الله وسلم على نبينا محمد و على آله وصحبه ، اما بعد:

ہمارے دینی بھائی ڈاکٹر مرتضی بخش حسین پاکستانی ہمارے یہاں حسن سیرت و سلوک اور سنت پر استقامت سے جانے جاتے ہیں۔اور اس کے ساتھ طلب علم کی حرص اور اس کو حاصل کرنے میں جدو جہد کرتے ہیں۔ میرے نزدیک ان شاء اللہ وہ اس علم کو اللہ تعالی کی طرف دعوت دینے میں بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ان کی دعوت کے سلسلے میں پہلے بھی قابل تحسین خدمات ہیں۔یہ سب میں ان کے بارے میں ان تمام برسوں سے جانتا ہوں جن میں وہ ہمارے یہاں طالب رہے۔ چنانچہ ان کی طلب پر میں نے یہ شہادت لکھ دی ہے۔تاکہ وہ متعلقہ افراد کو پیش کر سکیں۔اللہ تعالی ہم سب کو اس کام کی توفیق دے جسے وہ پسند کرئے اور راضی ہو۔

والسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کتبہ

فضیلتہ الشیخ عبید بن عبد اللہ بن سلیمان الجابری (حفظ اللہ)

(سابق مدرس جامعہ اسلامیہ، مدینہ نبویہ)

اسے دوپہر جمعرات 29 ربیع الاول سن 1430ھ بمطابق 26 مارچ سن 2009ع کو لکھا گیا

بسم الله الرحمن الرحيم

إلى من يهمه الأمر

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على نبينا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين،

أما بعد: فإن الأخ في الله الشيخ/ مرتضى بن بخش بن حسين معروف لدي بصحة معتقده، وسلامة منهجه، وحسن خلقه، وحبه للعلم وأهله، وهو من خيرة من عرفنا من طلبة العلم والدعاة إلى الله على بصيرة مع لزوم لمذهب السلف الصالح في العلم والعمل - أحسبه كذلك والله حسيبه و لا أزكي على الله أحداً -

وإني إذ أكتب له هذه التزكية فإني أوصيه بالتمسك بالكتاب والسنة والسير على نهج السلف الصالح رضي الله عنهم،وصلى الله وسلم على محمد وعلى آله وصحبه.

قاله وكتبه

١٨/٤
١٤٣٥هـ

فؤاد بن سعود بن عمير العمري

رئيس قسم التوعية والتوجيه بهيئة محافظة جدة

والداعية المتعاون بوزارة الشؤون الإسلامية والأوقاف والدعوة والإرشاد

وخطيب مسجد أمل عناني بحي الشاطئ بجدة

تزکیہ

الی من یھمہ الامر

الحمدللہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین، اما بعد:

اللہ کے لیے ہمارے دینی بھائی شیخ مرتضی بن بخش بن حسین میرے یہاں صحیح عقیدے، سلیم منہج، حسن اخلاق، حب علم واہل علم کے بطور معروف ہیں۔اور وہ ان بہترین طلاب علم اور بصیرت کے ساتھ دعوت دینے والے داعیان الی اللہ میں سے ہیں جنہیں ہم جانتے ہیں، ساتھ ہی علم اور عمل میں مذہب سلف صالحین سے تمسک اختیار کرنے والے ہیں۔ میں انہیں اسی طرح سے جانتاہوں اصل محاسبہ کرنے والا تواللہ ہی ہے،اس کے سامنے توہم کسی کاتزکیہ بیان نہیں کرسکتے۔

یہ تزکیہ لکھنے کے ساتھ میں انہیں کتاب وسنت سے تمسک اختیار کرنے اور منہج سلف صالحین رضی اللہ عنہم پر چلنے کی تاکیدی وصیت بھی کرتاہوں۔

وصلی اللہ وسلم علی محمد وعلی آلہ وصحبہ۔

قالہ وکتبہ

فواد بن سعود بن عمیر العمری

18 ربیع الثانی، 1435ھ

رئیس شعبۂ کمیٹی برائے رہنمائی وتوجیہات، محافظہ، جدہ

معاون داعی وزارت اسلامی امور واوقاف ودعوت وارشاد

خطیب مسجد امل عنانی، حي الشاطئ، جدہ

شرک
کے احکام اور مسائل

اردو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی أشرف الأنبیاء و المرسلین نبینا محمد و علی آلہ و صحبہ أجمعین أما بعد:

شرک کے احکام اور مسائل

تعریف:

لغتاً: دو چیزوں میں برابری کرنا۔

شرعاً: کسی بھی قسم کی عبادت کو غیر اللہ کے لیے بجالانے کو شرک کہتے ہیں۔

شرک کو جاننے کا حکم

شرک کے متعلق جاننا ہر مسلمان پر فرض ہے کیونکہ یہ سب سے بڑا گناہ ہے اور مشرک کے سارے نیک اعمال ضائع ہو جاتے ہیں، اسکی دلیل آگے ملاحظہ فرمائیں۔

شرک سے بچنے کی اہمیت

اللہ تعالی شرک کرنے والے کو آخرت میں کبھی معاف نہیں کرے گا کیونکہ یہ سب سے بڑا گناہ ہے اور محرمات میں سے سب سے پہلا حرام ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا عَظِيمًا﴾

یقیناً اللہ تعالی اپنے ساتھ شریک کئے جانے کو نہیں بخشتا اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دیتا ہے اور جو اللہ تعالی کے ساتھ شریک مقرر کرے اس نے بہت بڑا گناہ اور بہتان باندھا (سورۃ النساء:48)

محرمات میں سے سب سے پہلا حرام ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا﴾

آپ کہیے کہ آؤ تم کو وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جن کو تمہارے رب نے تم پر حرام فرما دیا ہے وہ یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ (سورۃ الانعام:151)

شرک کی قسمیں

شرک کی دو قسمیں ہیں۔

١:شرک اکبر

٢:شرک اصغر

١:شرک اکبر: کسی بھی قسم کی عبادت کو غیر اللہ کے لیے صرف کرنا جیسا کہ غیر اللہ کے لیے ذبح کرنا، نذر و نیاز، سجدہ کرنا، اُن اشخاص کو پکارنا جو وفات پا چکے ہیں اور حاضر نہیں ہیں مثلاً یا رسول اللہ مدد، یا علی مدد، یا غوث مدد کہنا یا ان سے استغاثہ کرنا یا قبروں کا طواف کرنا وغیرہ۔ لہٰذا کسی بھی قسم کی عبادت کو غیر اللہ کے لیے صرف کرنا شرک ہے اور یہی شرک کا بنیادی معنی ہے جس کے خاتمے کے لیے اللہ تعالی نے اپنی کتابیں نازل کی اور اپنے رسول بھیجے اور تمام پیغمبروں (علیہم السلام) کی دعوت کا بنیادی پیغام یہی ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ﴾

ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ (لوگو) صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے سوا تمام معبودوں سے بچو (سورۃ النحل:36)

شرک اکبر ایسا عمل ہے جس کا مرتکب دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، اس کی مغفرت نہیں ہو سکتی، اس پر جنت حرام ہو جاتی ہے اور اس کے سارے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں۔

دلائل:

ذبح (قربانی کرنا) عبادت ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾

پس تو اپنے رب کے لئے نماز پڑھ اور قربانی کر۔ (سورۃ الکوثر:2)

نذرونیاز عبادت ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا﴾

جو نذر پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی چاروں طرف پھیل جانے والی ہے۔

(سورۃ الانسان:7)

سجدہ کرنا عبادت ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ﴾

اور دن رات اور سورج چاند بھی (اسی کی) نشانیوں میں سے ہیں تم سورج کو سجدہ نہ کرو نہ چاند کو بلکہ سجدہ اس اللہ کے لئے کرو جس نے ان کو پیدا کیا ہے اگر تمہیں اس کی عبادت کرنی ہے تو۔ (سورۃ فصلت:37)

ایک غلط فہمی کا ازالہ:

بعض لوگ اپنے بزرگوں کو اور قبروں پر سجدہ کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم تعظیمی سجدہ کر رہے ہیں اور یہ قرآن سے ثابت ہے جب یوسف علیہ السلام کو ان کے والدین اور بھائیوں نے سجدہ کیا تھا۔سورۃ یوسف:100

ازالہ: یہ عمل پہلے کی شریعت میں جائز تھا لیکن شریعت محمدی (ﷺ) میں اس کی بھی اجازت نہیں ہے، سجدہ تعظیمی حرام ہے، اس کی دلیل:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، قَالَ لَمَّا قَدِمَ مُعَاذٌ مِنَ الشَّامِ سَجَدَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَا هَذَا يَا مُعَاذُ". قَالَ أَتَيْتُ الشَّامَ فَوَافَقْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لأَسَاقِفَتِهِمْ وَبَطَارِقَتِهِمْ فَوَدِدْتُ فِي نَفْسِي أَنْ نَفْعَلَ ذَلِكَ بِكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَلاَ تَفْعَلُوا فَإِنِّي لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِغَيْرِ اللَّهِ لأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لاَ تُؤَدِّي الْمَرْأَةُ حَقَّ رَبِّهَا حَتَّى تُؤَدِّيَ حَقَّ زَوْجِهَا وَلَوْ سَأَلَهَا نَفْسَهَا وَهِيَ عَلَى قَتَبٍ لَمْ تَمْنَعْهُ"

عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب معاذ رضی اللہ عنہ شام سے آئے تو انہوں نے نبی ﷺ

کوسجدہ کیا۔آپ ﷺ نے فرمایا: معاذ! یہ کیا؟ انہوں نے کہا: میں شام گیا تو میں نے وہاں کے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنے پادریوں اور رہنماؤں کو سجدہ کررہے تھے، مجھے اپنے دل میں یہ بات اچھی لگی کہ ہم لوگ آپ کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کریں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم ایسا مت کرنا، اگر میں کسی کو غیر اللہ کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے، قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! عورت اپنے رب کا حق ادا نہیں کرسکتی جب تک اپنے خاوند کا حق ادا نہیں کرتی اگر وہ اونٹ کے کجاوے پر بیٹھی ہوئی ہو اور خاوند اس سے خواہش کا اظہار کرے تو وہ انکار نہیں کرسکتی۔

(ابن ماجہ: 1515، علامہ البانی نے حسن صحیح کہا ہے)

اس حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سجدہ تعظیمی بھی حرام ہے۔

پکار (دعا) عبادت ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ﴾

ایوب (علیہ السلام) کی اس حالت کو یاد کرو جبکہ اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے یہ بیماری لگ گئی ہے اور تو رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ (سورۃ الانبیاء:83)

نوٹ: ان اشخاص کو پکارنا جو وفات پا چکے ہیں اور حاضر نہیں ہیں شرک ہے کیونکہ ہر وقت، ہر زبان اور ہر آواز سننے والا صرف اور صرف اللہ تعالی ہے اور یہ حق غیر اللہ کو دینا شرک ہے۔

طواف کرنا عبادت ہے، ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ﴾

ہم نے بیت اللہ کو لوگوں کے لئے ثواب اور امن وامان کی جگہ بنائی تم مقام ابراہیم کو جائے نماز مقرر کرلو، ہم نے ابراہیم اور اسماعیل سے وعدہ لیا کہ تم میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک صاف رکھو۔ (سورۃ البقرۃ:125)

لہٰذا خانہ کعبہ کا طواف کرنا عبادت ہے اور قبروں کا طواف کرنا شرک ہے۔

ہر قسم کی عبادت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے لیے بجالانا، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْـًٔا﴾

اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو (سورۃ النساء:36)

شرک اکبر ایسا عمل ہے جس کا مرتکب دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے اور اس کی مغفرت نہیں ہوسکتی، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ﴾

یقیناً اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ شریک کئے جانے کو نہیں بخشتا اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دیتا ہے
(سورۃ النساء:48)

اور اس پر جنت حرام ہو جاتی ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ﴾

یقین مانو کہ جو شخص اللہ کے ساتھ شریک کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے، اس کا ٹھکانا جہنم ہی ہے (سورۃ المائدہ:72)

اور اس کے سارے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ لَىِٕنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ﴾

یقیناً تیری طرف بھی اور تجھ سے پہلے (کے تمام نبیوں) کی طرف بھی وحی کی گئی ہے کہ اگر تو نے شرک کیا تو بلاشبہ تیرا عمل ضائع ہو جائے گا اور بالیقین تو زیاں کاروں میں سے ہو جائے گا۔ (سورۃ الزمر:65)

۲: شرک اصغر:

بعض امور جو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہیں ان میں بعض الفاظ یا بعض اعمال کی اساس پر کسی اور کو شریک کرنا اور یہ وہ تمام امور ہیں جو شرک اکبر کے لیے ذریعہ ہیں اور انہیں شرک کہا گیا ہے۔

شرک اصغر کی بعض مثالیں:

(۱) ریاکاری شرک ہے: اللہ تعالیٰ کے پیارے پیغمبر ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ الرِّيَاءُ

سب سے زیادہ میں تم پر جس چیز سے ڈرتا ہوں وہ شرک اصغر ریا کاری ہے۔

(صحیح الجامع:1555،علامہ البانی نے صحیح فرمایا ہے)

(ب) بدشگونی کرنا شرک ہے:

بدشگونی: کسی چیز (آواز، عمل، دن، مہینہ یا وقت وغیرہ) کو نحوست کا سبب سمجھنا، اسے بدفالی بھی کہتے ہیں۔

بدشگونی کی چند مثالیں: گھر کی چھت پر کوّے کا بولنا، کالی بلّی کا راستہ کاٹنا، رات میں جھاڑو مارنا، ہتھیلی پر خارش ہونا، آنکھ کا پھڑکنا، بعض مہینوں کو منحوس سمجھنا، دودھ کا ابلنا، رات کو ناخن تراشنا وغیرہ۔

نوٹ: جن احادیث میں مرغ کی اذان اور گدھے کے رینکنے کی آوازوں کا ذکر ہوا ہے تو ان میں بدشگونی نہیں ہے بلکہ صرف اللہ تعالی کا فضل اور اللہ تعالی سے پناہ طلب کرنے کی تلقین کی گئی ہے، تاکہ ہر وقت مومن کا دل اللہ تعالی سے جڑا رہے۔

اللہ تعالی کے پیارے پیغمبر ﷺ نے فرمایا:

الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، ثَلَاثًا، وَمَا مِنَّا إِلَّا، وَلَكِنَّ اللَّهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے تین بار فرمایا: بدشگونی شرک ہے اور ہم میں سے ہر ایک کو وہم ہو ہی جاتا ہے لیکن اللہ اس کو توکل سے دور فرما دیتا ہے۔

(ابوداود:3910،علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(ج) دھاگہ، چھلہ، کڑا، نظر بد کا ٹیکا یا تعویز کا لٹکانا شرک ہے: اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

إِنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ

بے شک جھاڑ پھونک، تمیمہ (۱) اور تولہ (۲) شرک ہے۔

(ابوداود:3883،علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(۱) تمیمہ: ہر اس چیز کو کہتے ہیں جسے کوئی شخص استعمال کرتا ہے کسی نقصان سے بچنے یا اس کو دور کرنے کے لئے۔

(۲) تولہ: شوہر اور بیوی کے درمیان میں محبت پیدا کرنے کا خاص جادو۔

(د) غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے: اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللهِ فَقَدْ أَشْرَكَ

جس نے اللہ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی تو اس نے شرک کیا۔

(ابوداود: 3251، علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(ہ) یہ کہنا: جو اللہ چاہے اور آپ ﷺ چاہیں شرک ہے، قتیلہ (رضی اللہ عنھا) فرماتی ہیں:

أَنَّ يَهُودِيًّا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: إِنَّكُمْ تُنَدِّدُونَ وَإِنَّكُمْ تُشْرِكُونَ، تَقُولُونَ: مَا شَاءَ اللَّهُ وَشِئْتَ. وَتَقُولُونَ: وَالْكَعْبَةِ. فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَرَادُوا أَنْ يَحْلِفُوا أَنْ يَقُولُوا: وَرَبِّ الْكَعْبَةِ. وَيَقُولُونَ مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ شِئْتَ

ایک یہودی شخص نبی اکرم (ﷺ) کے پاس آیا اور کہا: تم بھی شرک کرتے ہو اور غیر اللہ کو معبود بناتے ہو کیونکہ تم کہتے ہو: جو اللہ تعالی چاہے اور آپ چاہیں۔ اور تم کعبہ کی قسم کھاتے ہو۔ تو نبی اکرم (ﷺ) نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ جب وہ قسم کھانے لگیں تو کہیں: رب کعبہ کی قسم! اور کہیں جو اللہ تعالی چاہے، پھر آپ چاہیں۔

(النسائی: 3773، علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(و) کسی کو شہنشاہ (بادشاہوں کا بادشاہ) کہنا شرک ہے: اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

أَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ تَسَمَّى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ

سب سے ذلیل نام والا اللہ کے نزدیک قیامت کے دن وہ شخص ہوگا جسے لوگ شہنشاہ کہتے ہوں۔

(ابوداود: 4961، علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(ز) یہ کہنا کہ فلاں ستارہ کی وجہ سے بارش ہوئی ہے: زید بن خالد الجہنی (رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں :

صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلاَةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلَى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ وَرَحْمَتِهِ فَذَلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذَلِكَ كَافِرٌ بِي وَمُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ

اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے ہمیں حدیبیہ میں صبح کی نماز پڑھائی اور رات کو بارش ہو چکی تھی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ (ﷺ) نے لوگوں کی طرف چہرہ کیا اور فرمایا معلوم ہے تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول خوب جانتے ہیں۔ آپ (ﷺ) نے فرمایا کہ تمہارے رب کا ارشاد ہے کہ صبح ہوئی تو میرے کچھ بندے مجھ پر ایمان لائے۔ اور کچھ میرے منکر ہوئے جس نے کہا کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہمارے لیے بارش ہوئی تو وہ میرا مومن ہے اور ستاروں کا منکر اور جس نے کہا کہ فلاں تارے کے فلانی جگہ پر آنے سے بارش ہوئی وہ میرا منکر ہے اور ستاروں پر ایمان رکھنے والا ہے

(صحیح بخاری:846)

(ح) اگر کا لفظ ماضی کے لیے استعمال کرنا شرک ہے، اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ، احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَلَا تَعْجِزْ، وَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ: لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا. وَلَكِنْ قُلْ: قَدَرُ اللَّهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ. فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

طاقتور مومن اللہ تعالی کے نزدیک کمزور مومن سے بہتر اور پیارا ہے، دونوں میں سے ہر ایک میں خیر ہے، ہر اس چیز کی حرص کرو جو تمہیں نفع دے، اور اللہ سے مدد طلب کرو، دل ہار کر نہ بیٹھ جاؤ، اگر تمہیں کوئی نقصان پہنچے تو یہ نہ کہو: کاش کہ میں نے ایسا ویسا کیا ہوتا تو ایسا ہوتا، بلکہ یہ کہو: جو اللہ نے مقدر کیا تھا اور جو اس نے چاہا، وہ کیا۔ اس لیے کہ اگر مگر شیطان کے عمل کے لیے راستہ کھول دیتا ہے۔ (صحیح مسلم:2664)

(ط) آقا کے لیے رب اور غلام کے لیے عبد کا لفظ استعمال کرنا: اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

لَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: أَطْعِمْ رَبَّكَ، وَضِّئْ رَبَّكَ، اسْقِ رَبَّكَ، وَلْيَقُلْ: سَيِّدِي، مَوْلَايَ، وَلَا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: عَبْدِي، أَمَتِي، وَلْيَقُلْ: فَتَايَ وَفَتَاتِي وَغُلَامِي

کوئی شخص (کسی غلام یا کسی بھی شخص سے) یہ نہ کہے۔ اپنے رب کو کھانا کھلا، اپنے رب کو وضو کرا، اپنے رب کو پانی پلا۔ بلکہ صرف میرے سردار، میرے آقا کے الفاظ کہنا چاہئے۔ اسی طرح کوئی شخص یہ نہ کہے میرا بندہ، میری بندی، بلکہ یوں کہنا چاہئے میرا لڑکا، میری لڑکی، میرا غلام۔

(صحیح بخاری:2552)

شرک اکبر اور اصغر میں فرق

(۱) شرک اکبر کا ارتکاب کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے جبکہ شرک اصغر والا اسلام میں باقی رہتا ہے۔ شرک اصغر کرنے والے سے نکاح کرنا، اس کا ذبح کیا جانور کھانا وغیرہ جائز ہے جبکہ شرک اکبر کرنے والے کے ساتھ اس سے برعکس معاملہ کیا جاتا ہے۔

(۲) شرک اکبر کرنے والے کے سارے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں جبکہ شرک اصغر کرنے والے کا وہ عمل ضائع ہوتا ہے جس میں وہ شرک کرتا ہے۔

(۳) شرک اکبر کا ارتکاب کرنے والا ہمیشہ جہنم میں رہے گا جبکہ شرک اصغر کرنے والا ہمیشہ جہنم میں نہیں رہے گا۔

شرک کا خطرہ ہر زندہ شخص پر رہتا ہے، اس کی چند مثالیں:

(۱) ابراہیم (علیہ السلام) اللہ کے پیارے رسول ہونے کے باوجود بھی شرک سے بچنے کی دعا مانگتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ شرک کا خطرہ ہر انسان پر مرتے دم تک رہتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَنْ نَعْبُدَ الْأَصْنَامَ﴾

(ابراہیم کی یہ دعا بھی یاد کرو) جب انہوں نے کہا اے میرے رب! اس شہر کو امن والا بنا دے اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے دور فرما (سورۃ ابراہیم:35)

(۲) یعقوب (علیہ السلام) نے اپنی وفات کے وقت اپنے بچوں سے سوال کیا کہ آپ لوگ کس کی عبادت کرو گے۔ یعقوب (علیہ السلام) کا یہ سوال کرنا ثابت کرتا ہے کہ شرک کا خطرہ ہر انسان پر مرتے دم تک رہتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

﴿أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ﴾

کیا یعقوب کی وفات کے وقت آپ موجود تھے؟ جب انہوں نے اپنی اولاد کو کہا کہ میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے؟ تو سب نے جواب دیا کہ آپ کے معبود کی اور آپ کے آباؤ اجداد ابراہیم (علیہ السلام) اور اسماعیل (علیہ السلام) اور اسحاق (علیہ السلام) کے معبود کی جو معبود ایک ہی ہے اور ہم اُسی کے فرمانبردار رہیں گے۔ (سورۃ البقرۃ:133)

(۳) شرک کا خطرہ ہر مومن پر بھی رہتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُولَٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ﴾

جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو ظلم (شرک) کے ساتھ ملاوٹ نہیں کرتے ایسوں ہی کے لئے امن ہے اور وہی راہ راست پر چل رہے ہیں (سورۃ الانعام:82)

عبداللہ بن مسعود (رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: لَمَّا نَزَلَتِ: الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذَلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، أَيُّنَا لَا يَظْلِمُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: لَيْسَ ذَلِكَ، إِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ، أَلَمْ تَسْمَعُوا مَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ: {يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ} جب آیت (الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ) جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی ملاوٹ نہیں کی۔ نازل ہوئی تو مسلمانوں پر بڑا شاق (بھاری) گزرا اور انہوں نے عرض کیا ہم میں کون ایسا ہو سکتا ہے جس نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی ملاوٹ نہ کی ہو گی؟ اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا کہ اس کا یہ مطلب نہیں، ظلم سے مراد آیت میں شرک ہے۔ کیا تم نے نہیں سنا کہ لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا تھا اسے نصیحت کرتے ہوئے کہ اے بیٹے! اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ

ٹھہرا، بیشک شرک بڑا ظلم ہے۔ (صحیح بخاری:3429)

(۴) اللہ کے پیارے اولیاء شرک سے ڈرتے رہتے تھے اس لیے لقمان جو کہ اللہ کے پیارے ولی ہیں انہوں نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ شرک سے بچتے رہنا کیونکہ یہ سب سے بڑا ظلم ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾ اور جب کہ لقمان نے نصیحت کرتے ہوئے اپنے لڑکے سے فرمایا کہ میرے پیارے بچے! اللہ کے ساتھ شریک نہ کرنا بیشک شرک بڑا ظلم ہے۔ (سورۃ لقمان:13)

(۵) اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) کو اپنے پیارے صحابہ کے متعلق سب سے زیادہ ڈر شرک کے متعلق تھا، اگر ان پر شرک کا خطرہ باقی ہے تو ان سے بہتر امت میں کون ہے جو اس شرک سے بچ سکے؟! اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا: (إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ، قَالُوا: وَمَا الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: الرِّيَاءُ) سب سے زیادہ میں تم پر جس چیز سے ڈرتا ہوں وہ شرک اصغر ہے۔ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول شرک اصغر کیا ہے؟ اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا: اس سے مراد ریا کاری ہے۔ (السلسلة الصحيحة:951، علامہ البانی نے اس کی سند کو جید کہا ہے)

(٦) شرک اتنا مخفی گناہ ہے جس کا خطرہ ہر وقت انسان پر رہتا ہے۔ اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ! اِتَّقُوا هَذَا الشِّرْكَ، فَإِنَّهُ أَخْفَى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ

اے لوگو! اس شرک (شرک اصغر) سے بچنے کی کوشش کرو کیونکہ یہ چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ چھپا ہوا ہے۔

(صحیح الترغیب:36، علامہ البانی نے حسن لغیرہ کہا ہے)۔

(۷) قیامت تب تک واقع نہیں ہوگی جب تک اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) کی امت میں سے بعض لوگ شرک کا ارتکاب نہ کرلیں جس سے معلوم ہوا کہ شرک کا خطرہ قیامت تک رہے گا۔ اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ)

نے فرمایا: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي بِالْمُشْرِكِينَ، وَحَتَّى يَعْبُدُوا الْأَوْثَانَ، وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ میری امت کے کچھ قبیلے مشرکین سے نہ مل جائیں، اور "الاوثان" (بغیر تراشے ہوئے بت) کی عبادت کریں، اور میری امت میں عنقریب تیس جھوٹے (دعویدار) نکلیں گے، ان میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے، حالانکہ میں خاتم النبین ہوں میرے بعد کوئی (دوسرا) نبی نہیں۔ (ترمذی: 2219، علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

(۸) شرک کا خطرہ انسان کی زندگی میں ہر وقت رہتا ہے جس کی وجہ سے اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے اپنی امت کو ایک عظیم دعا سکھائی اس شرک سے بچنے کے لیے۔ اللہ کے پیارے پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا: (اَللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ) اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں کہ میں کسی کو تیرا شریک بناوں جانتے ہوئے، اور میں تیری مغفرت طلب کرتا ہوں اس سے جس کو میں نہیں جانتا (صحیح الادب المفرد: 551، علامہ البانی نے صحیح کہا ہے)

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ ہمیں علم نافع اور عمل صالح کی توفیق عطا فرمائے، توحید و سنت اور منہج السلف الصالحین پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے، ہر قسم کے شرک بدعات، اور خرافات سے دور اور ہر شر سے محفوظ فرمائے۔

وَاللهُ أَعْلَمُ، وَصَلَّى اللهُ عَلَى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِينَ

Shirk ke ahkaam aur masayel

Roman Urdu

بسم الله الرحمن الرحيم

Alhamdu Lillahi Rabbil-aalameen was-salaatu was-salaam ala ashraf al-ambiyai wal mursaleen nabiyyina Muhammadin wa ala aalihi wa sahbihi ajmayeen, amma ba'd:

Shirk ke ahkaam aur masayel

Ta'rif:
Lughatan: Do cheezo'n mein barabari karna.
Shar'an: Kisi bhi qism ki ibaadat ko ghairullah ke liye baja laane ko shirk kehte hain.

Shirk ko jan'ne ka hukum

Shirk ke muta'lliq jan'na har musalman par farz hai kyounke ye sab se bada gunah hai aur mushrik ke saare nek a'amaal zaya ho jate hain, iski daleel agay mulahza farmayein.

Shirk se bachne ki ehmiyat

Allah Ta'ala shirk karne waale ko aakhirat mein kabhi muaff nahi karega kyounke ye sab se bada gunah hai aur muharramaat mein se sab se pehla haraam hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا عَظِيمًا﴾

Yaqeenan Allah Ta'ala apne saath shareek kiye jaane ko nahi bakhashta aur uskay siwa jise chahe bakhsh deta hai aur jo Allah Ta'ala ke saath shareek muqarrar kare usney bohot bada gunah aur bohtaan baandha. (Surah An-Nisaa':48)

Muharramaat mein se sabse pehla haraam hai, irshad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا﴾

Aap kahiye ke aao tum ko wo cheezein padh kar sunaun jin ko tumhare Rabb ne tum par haraam farmadiya hai wo yeh ke Allah ke saath kisi cheez ko shareek mat tehrao. (Surah Al-An'aam:151)

Shirk ki qismein

Shirk ki do qismein hain:
1. Shirk-e-Akbar
2. Shirk-e-Asghar

1. Shirk-e-Akbar:
Kisi bhi qism ki ibaadat ko ghairullah ke liye sarf karna jaisa ke ghairullah ke liye zabah karna, nazar wa nayaz, sajda karna, un ashkhaas ko pukaarna jo wafaat pa chuke hain aur hazir nahi hain masalan ya Rasoolullah madad, ya Ali madad, ya Ghouse madad kehna ya unsey isteghasa karna ya qabro'n ka tawaf karna waghaira.
lihaza kisi bhi qism ki ibaadat ko ghairullah ke liye sarf karna shirk hai aur yahi shirk ka bunyadi ma'na hai jiske khaatme ke liye Allah Ta'ala ne apni kitabein nazil ki aur apne Rasool bheje aur tamaam Paighambaro'n (alayhim us-salaam) ki da'wat ka bunyaadi paighaam yehi hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ﴾

Hum ne har ummat mein Rasool bheja ke (logo'n) sirf Allah ki ibaadat karo aur uskay siwa tamaam ma'boodo'n se bacho (Surah An-Nahl: 36)

Shirk-e-akbar aisa amal hai jiska murtakib dairey Islaam se khaarij ho jaata hai, uski maghfirat nahi ho sakti, us par jannat haraam ho jaati hai aur uskay saare a'maal zaya hojaate hain.
Dalayel:
Zabah (Qurbani karna) ibaadat hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾

Pas, tu apne Rabb ke liye namaaz padh aur qurbani kar.
(Surah Al-Kauther:2)

Nazr wa niyaaz ibaadat hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا﴾

Jo nazr poori karte hain aur us din se darte hain jiski burai chaaro'n taraf phayl jane waali hai. (Surah Al-Insaan: 7)

Sajdah karna ibaadat hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ﴾

Aur din raat aur suraj chand bhi (Usi ki) nishaniyo'n mein se hain, tum suraj ko sajdah na karo na chand ko balke sajdah Us Allah ke liye karo jisne unko paida kiya hai agar tumhein Uski ibaadat karni hai to. (Surah Fussilat: 37)

Ek ghalat fehmi ka izala:
Baz log apne buzurgo'n ko aur qabro'n par sajdah karte hain aur ye kehte hain ke hum tazeemi sajdah kar rahe hain aur ye Qur'an se sabit hai jab Yusuf alayhi as-salaam ko unkay walidayn aur bhaiyo'n ne sajdah kiya tha (Surah Yusuf:100).
Izalah: Ye amal pehle ki shariat mein jayez tha lekin shariyat-e-Muhammadi ﷺ mein iski bhi ijaazat nahi hai, sajdah tazeemi haraam hai, iski daleel:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى، قَالَ لَمَّا قَدِمَ مُعَاذٌ مِنَ الشَّامِ سَجَدَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَا هَذَا يَا مُعَاذُ". قَالَ أَتَيْتُ الشَّامَ فَوَافَقْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لأَسَاقِفَتِهِمْ وَبَطَارِقَتِهِمْ فَوَدِدْتُ فِي نَفْسِي أَنْ نَفْعَلَ ذَلِكَ بِكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "فَلاَ تَفْعَلُوا فَإِنِّي لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِغَيْرِ اللَّهِ لأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لاَ تُؤَدِّي الْمَرْأَةُ حَقَّ رَبِّهَا حَتَّى تُؤَدِّيَ حَقَّ زَوْجِهَا وَلَوْ سَأَلَهَا نَفْسَهَا وَهِيَ عَلَى قَتَبٍ لَمْ تَمْنَعْهُ"

Abdullah bin Abi Aufa رضي الله عنه se riwayat hai ke jab Muad رضي الله عنه shaam se aaye to unho'n ne Nabi ﷺ ko sajdah kiya. Aap ﷺ ne farmaya: Muad ye kya? Unho'n ne kaha: main shaam gaya to main ne wahan ke logo'n ko dekha ke woh apne padriyo'n aur rehnuma'o ko sajdah kar rahe thay, mujhe apne dil mein ye baat achi lagi ke hum log aap ke saath ye tareeqa ikhteyar karein to Rasoolullah ﷺ ne farmaya: tum aisa mat karna, agar main kisi ko ghairullah ke liye sajdah karne ka hukum deta to biwi ko hukum deta ke apne khavind

ko sajdah kare, qasam hai us zaat ki jiskay Haath mein Muhammad (ﷺ) ki jaan hai. Aurat apnay Rabb ka haqq ada nahi karsakti jab tak apnay khavind ka haqq ada nahi karti, agar woh oont ke kajawe par baithi hui ho aur khawind us se khwahish ka izhaar kare to woh inkaar nahi kar sakti. (Ibn Majah: 1515, Allamah Albani ne hasan saheeh kaha hai)

Is Hadith se ye sabit hota hai ke sajdah-e-tazeemi bhi haraam hai.

Pukaar (Dua) ibaadat hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُۥٓ أَنِّى مَسَّنِىَ ٱلضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ ٱلرَّٰحِمِينَ﴾

Ayyub (alayhi as-salaam) ki us haalat ko yaad karo jabke usney apne Rabb ko pukaara ke mujhe ye bimari lag gai hai aur Tu reham karne walo'n se zyadah Reham karne waala hai. (Surah Al-Ambiya: 83)

Note: Un ashkhaas ko pukarna jo wafaat pa chuke hain aur haazir nahi hain shirk hai kyoun ke har waqt, har zubaan aur har awaaz sun'ne waala sirf aur sirf Allah Ta'ala hai aur ye haq ghairullah ko dena shirk hai.

Tawaaf karna ibaadat hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَإِذْ جَعَلْنَا ٱلْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَٱتَّخِذُوا۟ مِن مَّقَامِ إِبْرَٰهِـۧمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِـۧمَ وَإِسْمَٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلْعَٰكِفِينَ وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِ﴾

Hum ne baitullah ko logo'n ke liye sawaab aur amn wa amaan ki jagah banayi, tum muqam-e-Ibraheem ko jaye namaaz muqarar karlo, Hum ne Ibraheem aur Ismaeel se wa'da liya ke tum Mere ghar ko tawaaf karne waalo'n aur ayeteqaf karne waalo'n aur rukoo sajdah karne waalo'n ke liye paak saaf rakho. (Surah Al-Baqarah: 125)

Lihaza khana-e-kaaba ka tawaaf karna ibaadat hai aur qabro'n ka tawaf karna shirk hai.

Har qism ki ibaadat sirf aur sirf Allah Ta'ala ke liye baja laana, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا۟ بِهِۦ شَيْـًٔا﴾

Aur Allah Ta'ala ki ibaadat karo aur uskay saath kisi ko shareek na karo (Surah An-Nisaa': 36)

Shirk-e-akbar aisa amal hai jiska murtakib dairey Islaam se khaarij hojata hai aur uski maghfirat nahi ho sakti, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ﴾

Yaqeenan Allah Ta'ala apnay saath shareek kiye jaane ko nahi bakhshta aur uskay siwa jise chahe bakhsh deta hai (Surah An-Nisaa': 48)

Aur us par jannat haraam hojati hai, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿مَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ﴾

Yaqeen maano ke jo shakhs Allah ke saath shareek karta hai Allah Ta'ala ne uspar jannat haraam kardi hai, uska thikana jahannum hi hai (Surah Al-Maidah: 72)

Aur uskay saare a'amaal zaya hojate hain, irshaad-e-Baari Ta'ala hai:

﴿وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ﴾

Yaqeenan teri taraf bhi aur tujh se pehle (ke tamaam nabiyo'n) ki taraf bhi wahi ki gayi hai ke agar tuney shirk kiya to bilashuba tera amal zaya ho jayega aur bilyaqeen tu ziyakaro'n mein se hojayega.
(Surah Az-Zumar: 65)

2. Shirk-e-asghar:

Ye wo aqwaal wa a'amaal hain jo shirk-e-akbar ki taraf le jaate hain aur shariyat ne inko shirk kaha hai lekin inka murtakib dairey Islaam se khaarij nahi hota, na uskay saare a'amaal zaya hote hain aur na hi uspar jannat haraam hoti hai.

Shirk-e-asghar ki baaz misalein:

(1) Riyaa kaari shirk hai, Allah Ta'ala ke Pyare Paighambar ﷺ ne farmaya:

إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْأَصْغَرُ الرِّيَاءُ

Sabse zyadah main tum par jis cheez se darta hun woh shirk-e-asghar riyaa kaari hai.

(Saheeh Al-Jaamey: 1555, Allamah Albani ne saheeh farmaya hai)

(2) Badshaguni karna shirk hai:

Badshaguni: Kisi cheez (awaaz, amal, din, mahina ya waqt waghaira) ko nahoosat ka sabab samajhna, ise badfaali bhi kehte hain.

Badshaguni ki chand misalein: Ghar ki chatt par kawwe ka bolna, kaali billi ka raasta kaatna, raat mein jhaadu maarna, hatheli par kharish hona, aankh ka phadakna, baaz mahino'n ko manhoos samajhna, doodh ka ubalna, raat ko nakhoon tarashna waghaira.

Note: Jin Ahaadith mein murg ki azaan aur gadhe ke renkne ki awaazo'n ka zikr hua hai to in mein badshaguni nahi hai balke sirf Allah Ta'ala ka fazl aur Allah Ta'ala se panah talab karne ki talqeen ki gayi hai taake har waqt mu'min ka dil Allah Ta'ala se juda rahe.

Allah Ta'ala ke Pyare Paighambar ﷺ ne farmaya:

الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، ثَلَاثًا، وَمَا مِنَّا إِلَّا، وَلَكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

Allah ke Pyare Paighambar ﷺ ne teen bar farmaya: badshaguni shirk hai aur hum mein se har ek ko weham ho hi jaata hai lekin Allah usko tawakkul se door farmadeta hai.

(Abu Dawood: 3910, Allamah Albani ne saheeh kaha hai)

(3) Dhaga, challa, kada, nazar-e-badd ka teeka ya ta'weez latkana shirk hai:

Allah ke Pyare Paighambar ﷺ ne farmaya:

إِنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ

Beshak jhaad phoonk, tameema(a) aur tiwala(b) shirk hai.

(Abu Dawood: 3883, Allamah Albani ne saheeh kaha hai)

(a) Tameema: Har us cheez ko kehte hain jise koi shaks istemaal karta hai kisi nuqsaan se bachne ya usko door karne ke liye.

(b) Tiwala: Shouhar aur biwi ke darmiyaan mohabbat paida karne ka khaas jaadu.

(4) Ghairullah ki qasam khana shirk hai: Allah ke Pyare Paighambar ﷺ ne farmaya:

مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللَّهِ فَقَدْ أَشْرَكَ

Jisnay Allah ke siwa kisi aur ki qasam khayi to usney shirk kiya.

(Abu Dawood: 3251, Allamah Albani ne saheeh kaha hai)

(5) Ye kehna: Jo Allah chahe aur Aap (ﷺ) chahein shirk hai, Qutayla رضی اللہ عنہا farmati hain:

أَنَّ يَهُودِيًّا أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: إِنَّكُمْ تُنَدِّدُونَ وَإِنَّكُمْ تُشْرِكُونَ، تَقُولُونَ: مَا شَاءَ اللَّهُ وَشِئْتَ. وَتَقُولُونَ: وَالْكَعْبَةِ. فَأَمَرَهُمُ النَّبِيُّ ﷺ إِذَا أَرَادُوا أَنْ يَحْلِفُوا أَنْ يَقُولُوا: وَرَبِّ الْكَعْبَةِ. وَيَقُولُونَ مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ شِئْتَ

Ek yahoodi Nabi-e-Akram ﷺ ke paas aya aur kaha: tum bhi shirk karte ho aur ghairullah ko ma'bood banate ho kyounke tum kehte ho: jo Allah Ta'ala chahe aur Aap chahein. Aur tum kaaba ki qasam khate ho. To Nabi-e-Akram ﷺ ne musalman'on ko hukum diya ke jab woh qasam khane lagein to kahein: Rabb-e-kaaba ki qasam! aur kahein jo Allah Ta'ala chahe phir Aap ﷺ chahein.

(An-Nasai: 3773, Allamah Albani ne saheeh kaha hai)

(6): Kisi ko shahinshah kehna: Allah ke Pyare Paighambar ﷺ ne farmaya:

أَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللَّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ تَسَمَّى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ

Sab se zaleel naam wala Allah ke nazdeek qiyamat ke din woh shaks hoga jise log shahinshah kehte hon.

(Abu Dawood: 4961, Allamah Albani ne saheeh kaha hai)

(7): Ye kehna ke fulaan sitaare ki wajah se baarish hui hai: Zaid bin Khalid Al-Juhani رضی اللہ عنہ farmate hain:

صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلَى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ

وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ: مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ
وَرَحْمَتِهِ فَذَلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ: بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، فَذَلِكَ كَافِرٌ بِي
وَمُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ

